5451 ـ نماز میں سورۃ فاتحہ سے قبل کوئی اور سورۃ تلاوت کرنے کا حکم

سوال

اگر سورۃ فاتحہ سے قبل کوئی اور سورۃ تلاوت کی جائے تو کیا آدمی کی نماز جائز ہے، برائے مہربانی وضاحت فرمائیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر کوئی شخص سورۃ فاتحہ سے قبل کوئی اور سورۃ پڑھ لے اور بعد میں سورۃ فاتحہ کی قرآت کرے تواس کی نماز صحیح ہے، لیکن یہ فعل مشروع نہیں ایسا کرنے والا گنہگار ہے.

واجب یہ ہے کہ پہلے سورۃ فاتحہ کی تلاوت کی جائے، اور پھر آسانی سے جو قرآن کی سورۃ یا آیات پڑھ سکتا ہو ان کی تلاوت کرے.

کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ و سلم کا فرمان ہے:

" تم نماز اس طرح ادا کرو جس طرح تم نے مجھے نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا ہے "

جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا کی تو اپنی نماز میں سورۃ فاتحہ کو پہلے پڑھا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زندگی میں جتنی بھی نمازیں ادا کیں ان میں سے کسی ایك نماز میں بھی اس ترتیب کے خلاف نہیں کیا، چنانچہ سنت کی اتباع و پیروی کرنا واجب ہے.

واللہ اعلم .